سوال

قبرستان میں قرآن پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محترم جناب حافظ عبدالمنان صاحب کیا فرماتے ہیں علماء اس مسئلہ کے بارے میں کہ قبرستان میں قرآن پڑھنا کیسا ہے؟ آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبرستان میں قرآن مجید کی تلاوت رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں رہی یہ بات کہ قبرستان میں قرآن مجید کی تلاوت کرنا قرآن وسنت میں کہیں ممنوع نہیں تو معلوم ہونا چاہیے کہ اس سے قبرستان میں قرآن مجید کی تلاوت کا جواز نہیں نکلتا دیکھئے قبرستان میں اذان کہنا کتاب وسنت میں کہیں ممنوع نہیں مگر اہل علم سے کوئی بھی قبرستان میں اذان کے جواز کا قائل نہیں بالکل اسی طرح بے شک قرآن مجید کی تلاوت در قبرستان کی ممانعت نہیں آئی تو اس نہ آنے سے جواز نہیں نکلتا کیونکہ اس کا ثبوت قرآن مجید اور رسول اللہ ﷺ کی سنت حدیث میں نہیں ملتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

جنازے کے مسائل ج1ص262